**22.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .............. ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ بھارت اور قبرص نے دہشت گردی سے لڑنے کیلئے مشترکہ فورس تشکیل دینے سے اتفاق کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے باہمی تعلقات کو کلیدی شراکت داری کا درجہ دیا ہے۔ دونوں ملکوں نے اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کی غرض سے کئی معاہدوں پر دستخط بھی کئے ہیں۔

☆ حکومت اسمارٹ بارڈر پروجیکٹ شروع کرے گی تاکہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے ساتھ تمام سرحدوں کو ایسا بنا دے کہ جنھیں توڑ کر داخل ہونا ممکن نہ ہو۔

☆ بھارت نے اڈیشہ کے چاندی پور میں مختصر دوری کے بیلسٹک میزائل اگنی– 1 کی کامیابی کے ساتھ آزمائش کی ہے۔

☆ بھارت نے افغانستان میں ٹیکوں سے متعلق 20 ٹن اہم ترین سامان روانہ کیا ہے تاکہ بچوں کی ٹیکہ کاری کے پروگرام کو مضبوط بنایا جاسکے۔

☆ اِس ماہ کی 26 تاریخ کو نئی دلّی میں کواڈ وزراء خارجہ کی میٹنگ ہوگی۔

☆ اور IPL کرکٹ میں سن رائزرس حیدرآباد اور رائل چیلنجرس بینگلورو کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***MEA Briefing Cyprus***

وزیر اعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر **Nikos Christodoulides** نے آج دہشت گردی کی تمام قسموں اور سرحد پار کی دہشت گردی سمیت تمام مظاہر سے مقابلہ آرائی کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں لیڈروں نے نئی دلّی کے حیدرآباد ہاؤس میں آج ایک باہمی میٹنگ کی۔ دونوں لیڈروں کے درمیان مذاکرات کے بعد مختلف معاہدے طے پائے جس میں انسدادِ دہشت گردی کیلئے ایک مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے سے متعلق ایک مفاہمت نامہ اور سشما سوراج انسٹی ٹیوٹ برائے خارجی خدمات اور قبرص کی سفارتی اکیڈمی کے درمیان سفارتکاری کے شعبے میں تربیت سے متعلق ایک مفاہمت نامہ شامل ہے۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور خارجہ سکریٹری وکرم مسری اِس میٹنگ میں موجود تھے۔

ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور قبرص کنکٹی ویٹی سے متعلق اسکیموں پر مل کر کام کریں گے جیسے بھارت–بحرالکاہل سمندروں سے متعلق اسکیم اور بھارت–مشرقِ وسطیٰ – یوروپ اقتصادی راہداری۔ دفاع اور سلامتی کے شعبے میں تعاون کے بارے میں جناب مودی نے بتایا کہ دونوں ملکوں نے سائبر سکیورٹی، سمندری سرحدوں کی سلامتی اور انسدادِ دہشت گردی میں شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔

**S/B PM Modi on Counter Terrorism**

بھارت اور قبرص نے اپنے تعلقات کو بڑھا کر اِنھیں کلیدی شراکت داری کی سطح تک پہنچانے کا بھی فیصلہ کیا اور ایک مشترکہ ٹاسک فورس کا آغاز کیا تاکہ بنیادی ڈھانچے اور جہاز رانی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مستحکم کیا جاسکے۔ اِس فیصلے کی ستائش کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور قبرص کے درمیان رشتہ ہر عہد میں بیحد مضبوط رہا ہے۔

**S/B 2100 PM Modi on Elevate Strategic**

بعد میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے مغربی امور سے متعلق سکریٹری Sibi George نے بتایا کہ دونوں لیڈروں نے وسیع تر معاملات پر تبادلہ خیال کیا جن میں تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع، سمندری سرحدوں کی سکیورٹی، مالیاتی کنکٹی ویٹی، ٹیکنالوجی اور اختراعات، آمدورفت، تعلیم، ثقافت اور بھارت–یوروپی یونین کے درمیان رشتوں کے معاملات میں تعاون کو فروغ دینے پر توجہ کی گئی۔x

***Rev. PM Rozghar Mela***

وزیر اعظم نریندر مودی 19ویں روزگار میلے میں کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں51ہزار سے زیادہ نو تقرر شدہ نوجوانوں کو تقرری کے خط تقسیم کریں گے۔ وہ اِس موقع پر موجود افراد سے بات چیت بھی کریں گے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ روزگار میلہ ایک اہم پہل ہے، جس سے وزیر اعظم کے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اعلیٰ ترین ترجیح دینے اور اِس خواب کو تعبیرعطا کرنے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Dipendra**

روزگار میلہ وزیر اعظم کے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اوّلین ترجیح دینے کے عزم کی تکمیل کی جانب ایک قدم ہے۔ روزگار میلہ نوجوانوں کو بامعنی مواقع فراہم کرنے میں اہم رول ادا کر رہا ہے تاکہ وہ بااختیار ہوسکیں اور ملک کی تعمیر میں حصہ لے سکیں۔ اپنے آغاز کے وقت سے ملک بھر میں منعقدہ 18روزگار میلوں کے ذریعے تقریباً 12لاکھ تقرریوں کے خطوط جاری کئے جاچکے ہیں۔ 19واں روزگار میلہ ملک بھر میں 47مقامات پر منعقد ہوگا۔ نو تقرر شدہ امیدوار، جنھیں ملک بھر سے منتخب کیا گیا ہے، مختلف وزارتوں اور محکموں کو جوائن کریں گے، جس میں ریلوے، داخلی امور، صحت اور خاندانی بہبود اور اعلیٰ تعلیم کے محکمے کے علاوہ دیگر کئی دوسرے محکمے شامل ہیں۔

نئی دلّی دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

## Govt Smart Border Project

حکومت اسمارٹ بارڈر پروجیکٹ شروع کرے گی اور بنگلہ دیش اور پاکستان کے ساتھ تمام سرحدوں کو ایسا بنا دے گی جنھیں توڑ کر داخل ہونا ناممکن ہو۔ جناب شاہ نئی دلّی میں آج سرحدی حفاظتی فورس BSF کے Investiture تقریب اور رستم جی میموریل لیکچر سے خطاب کر رہے تھے۔

انھوں نے بتایا کہ اسمارٹ بارڈر تصور کے تحت تمام نوعیت کی ٹیکنالوجیوں کو مربوط کرکے اگلے برس تک سرحدوں کی سکیورٹی کا ایک ایسا گرڈ تعمیر کرنے کی جانب کام جاری ہے جس پر حملہ کرکے کامیابی حاصل کرپانا ناممکن ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ وزارت جلد ہی اسمارٹ بارڈر پروجیکٹ متعارف کرائے گی جو ڈرونز، راڈارس، جدید ترین کیمروں اور دیگر نئی ٹیکنالوجیوں سے لیس ہوگا۔

وزیر داخلہ نے بتایا کہ جیسے ہی اِس اسکیم کا آغاز ہوگا سرحدی حفاظتی فورس کا کام خاطرخواہ حد تک آسام اور مضبوط ہوجائے گا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کو ساتمر خطرات، ہاتمرڈ نوعیت کے جنگی سامان اور ڈرون سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے نئی حکمت عملی کو اپنانا لازمی ہے۔

**S/B Amit Shah**

وزیر داخلہ نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میں حکومت کا یہ عزم ہے کہ وہ نہ صرف دراندازی کو روکے بلکہ دراندازی کرنے والے فردِ واحد کی بھی شناخت کرے اور اِسے نکال باہر کردے اور آبادی میں غیر فطری تبدیلی کسی حال میں بھی ممکن نہ ہونے دے۔x

## Rev. Agni Missile

اڈیشہ کے چاندی پور میں آج مختصر دوری کے بیلسٹک میزائل اگنی– 1 کی کامیابی کے ساتھ آزمائش کی گئی۔ وزارتِ دفاع نے بتایا کہ یہ آزمائش تمام کارروائی جاتی اور تکنیکی پیمانوں پر کھری اُتری۔ یہ آزمائش اسٹریٹجک فورس کمان کے تحت کی گئی۔

یہ کامیاب آزمائش بھارت کی کلیدی دفاعی تیاری میں ایک اور سنگ میل کی علامت ہے اور ملک کی کم از کم بھروسے مند دفاعی صلاحیت پر اعتماد کو مزید تقویت دیتی ہے۔ اگنی– 1 مختصر دوری کا سطح سے سطح پر وار کرنے والا بیلسٹک میزائل ہے جو بھارت کے کلیدی میزائل پروگرام کے ایک حصے کے طور پر ملک میں ہی تیار کیا گیا ہے۔x

## MEA Afganistan

بھارت نے افغانستان میں بچوں کے ٹیکہ کاری پروگرام کو فروغ دینے کیلئے کابل کو BCG، ٹیٹنس اور ڈپتھیریا ویکسین سے متعلق 20ٹن اہم ساز و سامان فراہم کیے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ نے کہا کہ اس کی مزید کھیپ بھیجی جائے گی۔ نئی دلّی نے صحت کے شعبے میں افغانستان کے عوام کی مدد کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ x

## ***NHAI NGI MoU***

بھارت کی قومی شاہراہوں سے متعلق اتھارٹی، NHAI نے ٹنل انجینئرنگ، Slope Stability اور صلاحیت سازی میں جدید کنسلٹینسی مدد کیلئے ناروے کے Norwegian جیو ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ، NGI کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے اپنے بیان میں بتایا کہ یہ اشتراک، بھارت کی قومی شاہراہوں کے عالمی پیمانوں کے مطابق رکھ رکھاؤ اور فروغ کے تئیں NHAI کے عہد کی عکاسی کرتا ہے، جہاں جیو ٹیکنیکل انجینئرنگ اور قدرتی آفات کے جوکھم سے نمٹنے کی NGI کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ مہارت کو بروئے کار لایا جائے گا۔ مفاہمت نامے کے تحت دونوں ادارے، قدرتی آفات کے خطرے کو کم کرنے سے متعلق تحقیق اور ترقی کے اقدامات میں ایک دوسرے کا تعاون کریں گے۔ x

## ***Quad FM Meeting***

کواڈ وزرائے خارجہ کی میٹنگ، 26مئی کو نئی دلّی میں ہوگی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی دعوت پر آسٹریلیا کے وزیر خارجہ Penny Wong، جاپان کے وزیر خارجہ Toshimitsu Motegi اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو، میٹنگ میں حصہ لینے کیلئے نئی دلّی پہنچیں گے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ وزرائے خارجہ، گزشتہ سال یکم جولائی کو واشنگٹن ڈی سی میں ہوئے تبادلۂ خیال کی بنیاد پر کھلے اور آزاد بھارت– بحر الکاہل کے کواڈ ویژن پر غور و خوض کریں گے۔ x

## ***Jaishankar SCC***

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سکریٹری جنرل Nurlan Yermekbayev سے ملاقات کی۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے شنگھائی تعاون تنظیم کے اقدامات اور سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ عالمی اور مقامی امور و موضوعات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ x

## ***Jaishankar BRICS Young Leaders***

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں برکس ینگ ڈپلومیٹک فورم اور سفارتی اداروں کے سربراہان کے ساتھ بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے استحکام، اختراع، تعاون، پائیداری اور عالمی پیش رفت میں شراکت داری کے برکس کے موضوعات پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ x

## ***CBI NEET Arrest***

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے آج NEET-UG-2026 پیپر لیک کے معاملے میں ایک اور اہم ملزم کو گرفتار کیا ہے۔ اِس کا نام منیشا سنجے حولدار ہے اور یہ مہاراشٹر کے شہر پونے کے سیٹھ ہیرا لال صراف

Prashala میں کام کر رہی ہے۔ CBI نے بتایا کہ یہ NEET-UG-2026امتحانات کے عمل میں شامل رہی ہے اور اِسے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے ایک ایکسپرٹ کے طور پر مقرر کیا تھا۔ تحقیقاتی ایجنسی نے بتایا کہ ملزم کو فزکس کے سوالنامے تک مکمل رسائی حاصل تھی۔ CBI نے اطلاع دی ہے کہ اِنھوں نے NEET-UG-2026 امتحان کے فزکس مضمون سے متعلق کچھ سوالات ساتھی ملزم منیشا مندھارے کو شیئر کئے تھے، جسے اِس ماہ کی 16 تاریخ کو گرفتار کیا گیا تھا۔

## ***CBSE Extension***

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ، CBSE نے بارہویں جماعت کے بورڈ امتحان کے جوابی پرچوں کی اسکینڈ فوٹو کاپی حاصل کرنے کی آخری تاریخ میں ایک دن کی توسیع کرتے ہوئے اِسے 24مئی تک بڑھا دیا ہے۔ اِس سے پہلے جوابی پرچوں کی کاپی حاصل کرنے کی آخری تاریخ کل تک تھی۔ CBSE نے پچھلے کچھ دنوں سے اپنی ویب سائٹ پر غیر متوقع ٹریفک اور غیر مجاز انٹرفیس کی متعدد کوششوں سے خلل اندازی کے خدشے کے بعد یہ فیصلہ لیا ہے۔ CBSE نے اطلاع دی ہے کہ جوابی پرچوں کی اسکینڈ کاپی حاصل ہونے کے بعد پائے گئے معاملوں یا پرچوں کی دوبارہ جانچ کیلئے طلبا کے پاس دو دن ہونگے۔ x

## ***Electricity Demand***

حکومت نے کہا ہے کہ گزشتہ چار دنوں کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں بڑھتے درجۂ حرارت کی وجہ سے بجلی کی کھپت اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ بجلی کی وزارت نے کہا کہ کل دن کے وقت، بجلی کی سب سے زیادہ کھپت 270اعشاریہ آٹھ–دو گیگاواٹ رہی، جس نے اپنے پچھلے سبھی ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ بدھ کے روز بجلی کی کھپت 265 گیگاواٹ رہی۔ وہیں پیر کے روز 257 گیگاواٹ اور منگل کے روز 260 گیگاواٹ رہی۔ وزارت نے مزید کہا کہ عام طور پر دن کے اوقات میں بجلی کی سب سے زیادہ کھپت دوپہر 2 بجے سے 4 بجے کے درمیان ہوتی ہے۔

بجلی کی وزارت نے مزید کہا کہ شدید گرمی کے دوران وہ ضرورت کے مطابق بجلی فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ وزارت نے سبھی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کا استعمال، سمجھداری اور ذمے داری سے کریں۔x

## ***Goyal Meeting***

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے اہم وزارتوں اور سرکردہ صنعتی ایسوی ایشنوں کے اہلکاروں کے ساتھ آج ایک میٹنگ کی صدارت کی، جس کا مقصد ملک میں مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کی غرض سے حکمت عملی طے کرنا تھا۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب گوئل نے بتایا کہ حکومت، صنعت کے ساتھ گہرے روابط کے ساتھ کام کرنے کے تئیں پُرعزم ہے تاکہ مینوفیکچرنگ کی صلاحیتوں کو وسعت دی جاسکے، کوالٹی کو بڑھایا جاسکے اور آتم نربھر بھارت کی تشکیل کیلئے عالمی مقابلہ جاتی صلاحیت کو مستحکم کیا جاسکے۔x

## Nepal Indian Climbers Died

بھارت کے دو کوہ پیما ارون کمار تیواری اور سندیپ ماؤنٹ ایوریسٹ پہاڑ کی چڑھائی سے اترتے ہوئے اپنی جان گنوا بیٹھے۔ نیپال کے سیاحت کے محکمے کے حکام نے بتایا کہ یہ دونوں، دنیا کی سب سے بلند پہاڑ کی چوٹی کو سَر کرنے کے بعد نیچے اتر رہے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ ارون اور سندیپ چوٹی سے نیچے آتے وقت بہت تھک چکے تھے اور گائیڈ کی ہر ممکن کوششوں کے باوجود انہیں بچایا نہیں جاسکا۔ دونوں کوہ پیماؤں نے کل ایوریسٹ کو سَر کیا اور نیچے اترتے وقت وہ بیمار پڑ گئے تھے۔ اس سیزن میں اموات کا یہ چوتھا واقعہ ہے۔ اس سے قبل تین نیپالی پہاڑی کارکن اور گائیڈ 2026 کے کوہ پیمائی کے سیزن میں اپنی جان گنوا چکے ہیں۔ x

## Manipur Outreach Programmes

منی پور میں آسام رائفلز نے کل اور آج برادریوں تک رسائی کی سلسلے وار پہل کا انعقاد کیا۔ اِن سرگرمیوں کا مقصد نوجوانوں کو تعلیم کو اپنانے، کیریئر کے انتخاب سے متعلق پوری واقفیت حاصل کرنے اور سبھی شرکاء کو صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی تحریک دینا تھا۔ آسام رائفلز کے اہلکاروں نے گزشتہ روز Pherzawl ضلع کے Thanlon گاؤں میں آؤٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا۔ یہ دور دراز گاؤں، چُورا چاند پور سے 130 کلو میٹر دور واقع ہے۔ اس تقریب میں طلباء اور نوجوانوں سمیت 200 مقامی افراد نے شرکت کی۔ گاؤں کے سرکردہ افراد سے علاقائی ترقی اور تعلیم پر تبادلۂ خیال کیلئے ایک سینئر افسر کو مامور کیا گیا تھا۔ x

## Ayushman Bharat

آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن نے ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے اور سو کروڑ سے زیادہ صحت سے متعلق ریکارڈس کو آیوشمان بھارت ہیلتھ اکاؤنٹس کے ساتھ کامیابی سے منسلک کئے گئے ہیں۔ وزارت صحت نے بتایا کہ منسلک کئے گئے صحت سے متعلق ریکارڈس کی تعداد محض 15 مہینے میں دوگنی ہوگئی۔ یہ تعداد گزشتہ برس فروری میں 50 کروڑ تھی جو اب بڑھ کر سو کروڑ سے زیادہ ہوگئی ہے۔وزارت نے بتایا کہ ہر دو سے تین ماہ میں تقریباً دس کروڑ ہیلتھ ریکارڈس منسلک کیے جارہے ہیں۔ وزارت نے مزید اطلاع دی کہ 450 سے زیادہ سرکاری اور پرائیویٹ صحت سے متعلق ٹیکنالوجی کو ABDM Solutions کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔حفظانِ صحت کی تمام سہولیات سے جڑے صحت ریکارڈس کو ڈیجیٹل شکل دینے اور اس کے بلارکاوٹ ایکسچینج میں تیزی آئی ہے۔

## Cricket IPL

حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں جاری IPL کرکٹ میچ میں میزبان سن رائزرس حیدرآباد نے رائل چیلنجرس بینگلورو کو جیت کیلئے 256 رن کا نشانہ دیا ہے۔ اِس سے قبل سن رائزرس حیدرآباد نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ایشان کشن نے 46 گیندوں پر شاندار 79 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆